Driven to

# Deliver

شیل پاکستان لمیٹڈ

سہ ماہی رپورٹ

ستمبر 2023ء

# کمپنی کی معلومات

**بورڈ آف ڈائریکٹر**

زین کے حق (چیئرپرسن)
وقار آئی صدیقی
رفیع ایچ بشیر
پرویز غیاث
عمران آر ابراہیم
مدیحہ خالد
ظفر اے خان
جان کنگ چونگ لُو
ضرار محمود
عامر آر پراچہ
بدرالدین ایف ویلانی

**چیف ایگزیکٹو**

وقار آئی صدیقی

**آڈٹ کمیٹی**

عمران آر ابراہیم (چیئرپرسن)
رفیع ایچ بشیر
بدرالدین ایف ویلانی

**کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے**

ظفر اے خان (چیئرپرسن)
پرویز غیاث
وقار آئی صدیقی
زین کے حق

**کمپنی کے سیکرٹری**

لالہ رخ حسین- شیخ

**رجسٹرڈ دفتر**

شیل ہاؤس،
6، چوہدری خلیق الزمان روڈ،
کراچی-75530
پاکستان

**آڈیٹرز**

ای وائے فورڈ رہوڈز

**لیگل ایڈوائزرز**

ویلانی اینڈ ویلانی، ایڈووکیٹس اینڈ سالیسیٹرز

**رجسٹرار اور شیئر رجسٹریشن دفتر**

فیمکو ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ
8-ایف، ہوٹل فاران سے متصل، نرسری،
بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس
شاہراہِ فیصل
کراچی-75400

# ڈائریکٹرز کی جائزہ رپورٹ

**30 ستمبر 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والے نو مہینوں کے لیے**

## عزیز شیئر ہولڈرز

آپ کی کمپنی کے ڈائریکٹران 30 ستمبر 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی اور نو مہینوں کے لیے غیر آڈٹ شدہ جامع عبوری مالی گوشوارے پیش کرتے ہوئے مسرور ہیں۔

گذشتہ سال سے کمپنی اہم بیرونی رکاوٹوں کا سامنا کرتی رہی ہے، جن میں روپے کی قدر میں غیر معمولی کمی، بڑھتی ہوئی مہنگائی اور مستقل جاری کلّی معاشی غیر یقینی صورتِ حال شامل ہیں۔ ان معاشی مشکلات کے نتیجے میں اقتصادی سرگرمیوں میں سست روی آئی، صنعت کی فیول کی طلب میں نمایاں کمی اور رسد کو لاحق خطرات میں اضافہ ہوگیا۔ طلب پر دباؤ کی بنیادی وجہ بڑھتی ہوئی قیمتوں کے ساتھ ساتھ سیاسی اور معاشی عدم اطمینان اور اسمگل شدہ مصنوعات کی وسیع پیمانے پر دستیابی تھی۔

ملک میں جاری کلی معاشی دشواریوں کے باوجود 30 ستمبر 2023ء کو ختم ہونے والے نو مہینوں کے دوران کمپنی نے کامیابی کے ساتھ 6,450 ملین روپے کا نفع بعد از ٹیکس حاصل کیا۔ کمپنی نے کاروباری کارکردگی، لوگوں کی حفاظت اور ماحول کے تحفظ پر اپنی توجہ مبذول رکھی اور اخراجات کو منظم سطح پر رکھتے ہوئے بہترین آپریشنل کارکردگی کے لیے پرعزم رہی۔ یہ مالی نتائج شیل انٹرنیشنل پیٹرولیم کمپنی کی جانب سے ملنے والی یک بارگی تکنیکی سروس فیس میں نرمی کے اثرات کی بھی عکاسی کرتے ہیں۔

آپ کی کمپنی کے انتظامی امور، مارکیٹنگ اور تقسیم کاری کے اخراجات، مالی اور دیگر واجبات کی ادائیگی کے بعد 30 ستمبر 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والے نو مہینوں کے لیے نفع/نقصان درج ذیل تھا:

| | روپے ملین میں |
|---|---|
| **نفع/نقصان قبل از ٹیکس** | 11,587 |
| ٹیکس | (5,137) |
| **30 ستمبر 2023ء کو ختم ہونے والی مدت کا خالص نقصان** | 6,450 |

| | روپے |
|---|---|
| **آمدنی فی شیئر-بنیادی اور سیال (diluted)** | 30.14 |

ذخائر کی کارروائی (موومنٹ) اور تصرفات ان جامع عبوری مالی گوشواروں کے صفحہ 8 پر ایکویٹی میں تبدیلیوں کے کنڈینسڈ عبوری گوشواروں میں ظاہر کیے گئے ہیں۔

14 جون 2023ء کو کمپنی کی جانب سے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں اعلان کیا گیا جس کے مطابق شیل پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ، برطانیہ (کمپنی کی امیڈیٹ پیرنٹ) جو شیل پی ایل سی کا ماتحت ادارہ ہے، نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو کمپنی میں اپنے 77.42 فیصد حصص (شیئرز) فروخت کرنے کے ارادے سے آگاہ کیا۔ شیل پاکستان لمیٹڈ کو آگاہ کیا گیا ہے کہ شیل پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ ایک ہدفی سیلز پروسیس کر رہا ہے جس کے لیے ممکنہ خریداروں کے ساتھ مزید غور و خوض اور بات چیت کی ضرورت ہوگی، اور اس مرحلے پر بین الاقوامی اور ملکی دونوں فریقوں کی جانب سے گہری دلچسپی دیکھی گئی ہے۔ شیل پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ کی جانب سے شیل پاکستان لمیٹڈ میں اپنے شیئرز کی کوئی بھی فروخت پابند دستاویزات پر عمل درآمد اور اس کے بعد ضوابطی منظوریوں کی وصولی سے مشروط ہے۔

کمپنی نے کاروبار کے محفوظ آپریشنز کو یقینی بنانے پر اپنی توجہ مرکوز کرتے ہوئے پاکستان بھر میں صنعت میں اپنا ممتاز مقام برقرار رکھا اور سیفٹی کی ترویج کے لحاظ سے صنعت میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔

## کلّی معاشی دشواریاں

ملک کو درپیش موجودہ معاشی دشواریوں کے ساتھ ساتھ حکومت پاکستان کی جانب سے 5,331 ملین روپے کی واجب الادا وصولیوں کی وجہ کمپنی کے مالی نتائج پر مسلسل منفی اثر پڑ رہا ہے۔ نو مہینوں کے دوران ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں 27 فیصد کی غیر معمولی کمی دیکھی گئی جس کے نتیجے میں کمپنی کو زرِ مبادلہ کے خطیر نقصانات کا سامنا کرنا پڑا۔

ان دشواریوں کے باوجود، کمپنی صنعت کے مارجن میں اضافے اور بلیک مارکیٹ کی سرگرمیوں سے نمٹنے کے لیے مضبوط اقدامات کرنے کے حکومت کے حالیہ فیصلوں کو تسلیم کرتی اور ان کا خیر مقدم کرتی ہے، جن کا مقصد کرنسی کو مستحکم کرنا ہے۔ کمپنی کو امید ہے کہ صنعت کی بحالی اور معیشت کے مجموعی استحکام میں کردار ادا کرنے کے لیے حکومت مزید فعال اقدامات کرے گی۔

## لبریکینٹس

شیل لبریکنٹس نے انتہائی دشوار ماحول میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ جاری رکھا، جو روبہ زوال صنعت میں اس کے مستقل مارکیٹ شیئر سے واضح ہے۔ صارفین، مکینک اور تجارت کے زمروں میں کاروبار کے فروغ پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، لبریکنٹس نے ہمہ پہلو برانڈ مہمات کا آغاز کیا- جس میں ہیلکس پر کے ایف سی کے ساتھ شراکت، ورلڈ مکینکس ڈے سے متعلق مکینکوں کی تقریبات، موٹر سائیکل مکینکوں کے لیے شیل ایڈوانس کی ورکشاپس اور ملک بھر میں موجود ٹرکوں کے مراکز میں ریمولا کی مہم شامل ہیں۔ بی ٹو بی کے دائرہ کار میں فروخت کو مزید فروغ دینے کے مواقع پر نظر رکھتے ہوئے کمپنی نے فلیٹ (بیڑے)، تعمیرات، چینی جیسے شعبوں میں کئی سنگ میل عبور کیے اور کاسمیٹکس جیسے نئے شعبوں میں پیش رفت کی۔

## موبیلٹی (قبل ازیں ریٹیل)

موبیلٹی کا کاروبار نے 19 نئی سائٹس متعارف کرواتے ہوئے اور اپنے موجودہ نیٹ ورک کو جدید بنایا اور فیول بھرنے کے دوران حفاظت اور آسان ادائیگی کے حل کو فروغ دیتے ہوئے ملک بھر میں زیادہ سے زیادہ صارفین کے لیے بہترین صارفی قدر کی پیش کش میں نمایاں کردار ادا کر تا رہا ہے۔

شیل پاکستان میں وائس آف کسٹمر پروگرام متعارف کرانے والا انڈسٹری کا پہلا ادارہ بن گئی ہے جو صارفین کو سائٹس پر لگائے گئے کیو آر کوڈز کے ذریعے ریئل ٹائم فیڈ بیک فراہم کرنے کے قابل بناتی ہے۔ اب تک 30,000+ سے زیادہ تاثرات موصول ہوئے ہیں جو شیل کو کسٹمر سروس کو مسلسل بہتر بنانے کے لیے قیمتی بصیرت فراہم کرتے ہیں۔

موبیلٹی کی بصری شناخت (موبیلٹی ویژول آئیڈینٹی-ایم وی آئی) ہمارے صارفین کے لیے بصری تجربہ ہے جسے عالمی سطح پر متعارف کرایا جا رہا ہے اور پاکستان میں جدید ترین برانڈ شناخت متعارف کرانے پر ہماری ٹیمیں فخر محسوس کرتی ہیں۔ ایم وی آئی کو جدت طرازی اور بہتر خدمات کے ذریعے شیل برانڈ کے ارتقا کی عکاسی کے لیے تیار کیا گیا ہے، یہ سائٹس کو جدید بناتی ہے اور مہمانوں کے خیر مقدم پر مرکوز سوچ کو ترویج دیتی ہے جبکہ ہماری صنعت کی معروف نان فیول ریٹیلنگ آفرز پر بھی زور دیتی ہے۔

شیل کی سیفٹی مہم "احتیاط بنے حفاظت" کو ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر تقریباً 82 ملین ویوز ملے جبکہ سوشل میڈیا پر 230 ملین سے زیادہ ویوز ملے۔ اوگرا نے 2 اور 3 پہیوں والی گاڑیوں کے لیے فیول بھرنے کی حفاظت کو فروغ دینے کی کوششوں کا اعتراف کیا۔

شیل وی پاور اور شیل ہیلکس کے صارفین کے لیے پاکستان کے 97 ریٹیل اسٹیشنز پر "ڈرائیونگ کرتے رہیں، انعام جیتتے رہیں" نامی مہم شروع کی گئی جس میں شیل کا انتخاب کرنے پر صارفین کو انعامات دیے گئے۔

شیل پاکستان نے جاز کیش اینڈ ایزی پیسہ کے ساتھ اشتراک کیا ہے تاکہ ڈیجیٹل ادائیگیوں کو تیز کرنے کے لیے فوری اور آسان ادائیگیوں کو ممکن بنایا جا سکے۔

موبیلٹی نے پاکستان میں اپنے کنوینئنس ریٹیل (سی آر) کاروبار میں بھی قابل ذکر نمو کا مظاہرہ کیا۔ یہ کامیابی ہماری اسٹریٹجک کاوشوں اور بہترین کارکردگی کے عزم کی مرہون منت ہے۔ کمپنی نے 14 نئے شیل سلیکٹ اسٹورز کے ساتھ اپنے نیٹ ورک کو وسعت دی، جبکہ گذشتہ سال کے مقابلے میں دوگنا ترقی فراہم کرنے کے لیے اپنی آن ڈیمانڈ ڈلیوری کو مزید فروغ دیا، جس سے فوری تجارت کی گنجائش میں کنوینئنس ریٹیل کاروبار کی مطابقت اور اسکیل ایبلٹی کا مظاہرہ کیا گیا۔ کنوینئنس ریٹیل کاروبار کی توجہ کاروبار کے لیے نئی ویلیو اسٹریمز کی تیاری اور عالمی معیار کے صارفی سفر کی فراہمی پر مرکوز رہتی ہے۔

## ماحولیات، سماج اور نظم و نسق

شیل پاکستان نے پلاسٹک کو دوبارہ استعمال کے قابل بنانے کے حوالے سے دو ماحول دوست اور پائیدار حل شروع کیے۔ شیل پاکستان نے شیل لبریکینٹس کی متروک بوتلوں کو دوبارہ ستعمال کے قابل بناتے ہوئے پلاسٹک بھر کے تیار کی گئی ایک سڑک تعمیر کی ہے جس کی لمبائی 730 فٹ اور چوڑائی 60 فٹ ہے اس سڑک کے کنارے شیل ہاؤس کراچی واقع ہے۔ یہ ایک بامقصد حل ہے جس سے پڑوس کے رہائشیوں، اسکولوں، چرچ کمیونٹی اور شیل کو فائدہ پہنچا ہے۔ اس اقدام کو مقامی اور بین الاقوامی میڈیا نے کور کیا تھا۔ دوسرا اقدام کانسیپٹ لوپ کے ساتھ اشتراک ہے، جو شیل تعمیر کے سابق طالب علم ہیں، یہ پلاسٹک کے فضلے کو تعمیراتی مواد میں تبدیل کرنے والی ٹیکنالوجی پر مبنی اسٹارٹ اپ ہے، جنھوں نے کراچی میں شیل ریٹیل سائٹ پر فرش (paver) تیار کیے تھے۔ اس کامیاب اقدام کو تزئین و آرائش اور تعمیر کے لیے منصوبہ بند دیگر ریٹیل سائٹس پر بھی اپنایا جا سکتا ہے۔

جنوبی ایشیا میں سموگ کی سب سے بڑی وجہ فصلوں کی پرالی کو جلانا ہے۔ اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق فضائی آلودگی کے اخراج (2018) میں زرعی فضلہ کو جلائے جانے کا حصہ 20 فیصد ہے۔ ہماری معیشت بھی روایتی زرعی طریقوں پر بہت زیادہ انحصار کرتی ہے۔ شیل پاکستان نے نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (این آر ایس پی) کے تعاون سے مقامی کاشتکاروں کے ساتھ مل کر زرعی فضلے کو قیمتی بائیوچر میں تبدیل کرنے کے لیے کام کیا۔ بائیوچر کو پائرولیسس - (pyrolysis) آکسیجن کنٹرول رکھتے ہوئے بایوماس کی تھرمل تحلیل - کے عمل کے ذریعے تیار کیا جاتا ہے - اس عمل آلودہ دھوئیں کا برائے نام خارج ہوتا ہے اور یہ زرعی فضلے سے چھٹکارا پانے کا ایک پائیدار طریقہ ہے۔ پائلٹ پروجیکٹ کے نتائج امید افزا ہیں۔ مٹی کی خصوصیت جیسے پی ایچ کی سطح، نامیاتی مادہ، پوٹاشیم اور فاسفورس میں کافی بہتری آئی، جس کی وجہ سے زمین کی پیداوار میں 50 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا۔ اس منصوبے کے ذریعے بائیوچر ٹیکنالوجی زرعی فضلہ جلانے سے منسلک اخراج کو نمایاں طور پر کم کرنے کے ساتھ ساتھ مٹی کی صحت کو بھی بڑھانے کا موقع فراہم کرتی ہے۔

شیل تعمیر نوجوان کاروباری افراد کو ہنر مند بنانے اور ان کی صلاحیتوں کے اعتراف میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ تعمیر نے پاکستان بھر میں جامعات اور انکیوبیشن سینٹرز میں 22 سیشنز مکمل کیے، جن میں 700 سے زائد افراد کو تربیت دی گئی جس میں 560 اسٹارٹ اپس بھی شامل تھے۔ طلبا کو انٹری پرینیورشپ کے مبادیات پر تربیت دی گئی تھی اور انہیں 10 ویں تعمیر ایوارڈ 2023ء میں شرکت کے لیے مدعو کیا گیا تھا۔ اس سال ان ایوارڈز کی رسائی بڑھ کر گلگت بلتستان تک ہو چکی ہے اور ذہین ٹیلنٹ کو کاروباری افراد کے پول میں خوش آمدید کہا گیا اور بڑے شہروں کے طالب علموں کے ساتھ ان کے مقابلے کا خیر مقدم کیا گیا۔

شیل پاکستان نے سڑک پر حفاظت کے تصورات کو شیئر کرنے کے لیے کیماڑی اور چکلالہ مین قرب وجوار میں مقیم آبادی کے اسکولوں کے ساتھ کام کیا۔ طلبا میں سڑک پر حفاظت کے بارے میں شعور اجاگر کرنے کے لیے متعدد تفریحی سرگرمیاں انجام دی گئیں جن میں کہانی سنانا، آرٹ مقابلے، کوئز مقابلے، نیز شیل پاکستان کی جانب سے نوجوان قارئین کے لیے شائع کی گئی کتاب 'ونس اپون اے روڈ' کی تقسیم شامل تھی۔ اسکول انتظامیہ کا ماننا تھا کہ نوجوان ذہنوں میں بنیادی شہری احساس پیدا کرنے کے لیے یہ سرگرمیاں انتہائی مفید تھیں۔

## مستقبل کے امکانات

کرنسی کی قدر میں کمی بیشی، تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ اور ملک کے عمومی غیر یقینی معاشی منظرنامے کی وجہ سے کلّی معاشی ماحول مستقبل قریب میں صنعت کے لیے چیلنج بنا ہوا ہے۔

ان دشواریوں کے باوجود، انتظامیہ اور بورڈ آف ڈائریکٹرز اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں کہ کمپنی کی مالی پوزیشن کو مزید مستحکم کیا جائے، حفاظتی کارکردگی میں گول زیرو کا نصب العین برقرار رکھا جائے اور کمپنی معاشرے میں ذمہ دارانہ کردار ادا کرتی رہے۔

## بورڈ کی ہیئتِ ترکیبی

| | |
|---|---|
| ڈائریکٹرز کی کُل تعداد | مرد:10، خواتین:01 |
| خود مختار ڈائریکٹرز | 04 |
| نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز | 04 |
| ایگزیکٹو ڈائریکٹرز | 03 |

جذبے، مستقل معاونت اور کمپنی پر اعتماد کے لیے ہم اپنے شیئر ہولڈرز، صارفین، عملے اور دیگر تمام متعلقہ فریقوں کا شکریہ ادا کرنا چاہیں گے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

Zain Haq

**زین کے حق**

چیئرپرسن

کراچی: 16 اگست 2023ء

Waqar Siddiqui

**وقار آئی صدیقی**

چیف ایگزیکٹو

# مالی صورتِ حال کے کنڈینسڈ عبوری گوشوارے

30 ستمبر 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والے نو مہینوں کے لیے

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ<br>30 ستمبر 2023ء | آڈٹ شدہ<br>31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | ------(ہزار روپے)------ | |
| **اثاثے** | | | |
| **غیر حالیہ اثاثے** | | | |
| جائیداد، پلانٹ اور آلات | 5 | 22,228,554 | 20,579,301 |
| حق استعمال کے اثاثے | | 6,429,427 | 6,453,393 |
| غیر محسوس اثاثے | | - | 2,101 |
| طویل مدتی سرمایہ کاریاں | 6 | 5,599,869 | 5,198,192 |
| طویل مدتی قرضے | | 69,135 | 51,163 |
| طویل مدتی امانتیں اور پیشگی ادائیگیاں | | 320,239 | 220,100 |
| مؤخر ٹیکس | | 843,529 | 780,010 |
| | | 35,490,753 | 33,284,260 |
| **جاری اثاثے** | | | |
| زیر تجارت اسٹاک | 7 | 61,208,022 | 42,921,597 |
| تجارتی قرضے | 18.4 | 6,430,738 | 5,910,061 |
| قرضے اور بیعانے | | 77,155 | 62,784 |
| قلیل مدتی امانتیں اور پیشگی ادائیگیاں | | 84,973 | 535,584 |
| دیگر واجبات | 8 | 6,615,736 | 8,216,986 |
| بینک بیلنس | 9 | 15,156,611 | 10,801,097 |
| | | 89,573,235 | 68,448,109 |
| **مجموعی اثاثے** | | 125,063,988 | 101,732,369 |
| **ایکوئٹی اور واجبات** | | | |
| **ایکوئٹی** | | | |
| سرمایہ حصص | 10 | 2,140,246 | 2,140,246 |
| پریمیم حصص | | 11,991,012 | 11,991,012 |
| عمومی ذخائر | | 207,002 | 207,002 |
| غیر ادا شدہ / غیر مختص نفع | | 7,259,579 | 807,101 |
| بعد استعمال نوپیائش فوائد – حقیقی نقصان | | (543,266) | (543,266) |
| دیگر جامع آمدنی کے ذریعے عرفی مالیت [FVOCI] کے طور پر درجہ بند ایکوئٹی سرمایہ کاری کی نوپیائش پر غیر حصولی نقصان | | (5,000) | (5,000) |
| **مجموعی ایکوئٹی** | | 21,049,573 | 14,597,095 |
| **واجبات** | | | |
| **غیر حالیہ واجبات** | | | |
| اثاثوں کی واپسی کی ذمہ داری | | 367,087 | 321,113 |
| طویل مدتی تموین | | 2,950,169 | 2,923,281 |
| طویل مدتی اجارہ واجبات | | 6,274,463 | 5,945,991 |
| بعد از ریٹائرمنٹ طبی فوائد کی فراہمی | | 178,788 | 178,788 |
| | | 9,770,507 | 9,369,173 |
| **حالیہ واجبات** | | | |
| تجارتی و دیگر واجب الادا | 11 | 85,820,550 | 73,703,492 |
| صارفین کی جانب سے وصول کردہ ایڈوانسز (معاہداتی واجبات) | | 2,566,147 | 1,442,366 |
| بے دعویٰ مقسومہ | | 250,187 | 278,892 |
| غیر ادا شدہ مقسومہ | | 454,565 | 508,954 |
| مجموعی مارک اپ | | - | 2,848 |
| ٹیکس – خالص | | 3,826,186 | 882,792 |
| طویل مدتی تموین کا حالیہ حصہ | | 603,832 | 236,964 |
| طویل مدتی اجارہ واجبات کا حالیہ حصہ | | 722,441 | 709,793 |
| | | 94,243,908 | 77,766,101 |
| **اتفاقی مصارف و معاہدے** | 12 | | |
| **مجموعی ایکوئٹی اور واجبات** | | 125,063,988 | 101,732,369 |

منسلک نوٹس 1 تا 23 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

**عمران آر ابراہیم**
ڈائریکٹر

**وقار آئی صدیقی**
چیف ایگزیکٹو

**ضرار محمود**
چیف فنانشل آفیسر

# نفع یا نقصان اور دیگر جامع آمدنی کے کنڈینسڈ عبوری گوشوارے (غیر آڈٹ شدہ)

30 ستمبر 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والے نو مہینوں کے لیے

| | نوٹ | نو مہینوں کے اختتام پر 30 ستمبر 2023ء | نو مہینوں کے اختتام پر 30 ستمبر 2022ء | سہ ماہی اختتام شدہ 30 ستمبر 2023ء | سہ ماہی اختتام شدہ 30 ستمبر 2022ء |
|---|---|---|---|---|---|
| | | (ہزار روپے) | | | |
| سیلز | | **325,665,500** | 307,921,601 | **110,247,969** | 109,437,385 |
| دیگر محاصل | | **897,120** | 535,687 | **255,983** | 210,771 |
| | | **326,562,620** | 308,457,288 | **110,503,952** | 109,648,156 |
| سیلز ٹیکس | | **(5,390,835)** | (5,248,092) | **(1,425,954)** | (1,531,921) |
| خالص محاصل | | **321,171,785** | 303,209,196 | **109,077,998** | 108,116,235 |
| فروخت شدہ مصنوعات کی لاگت | | **(291,563,388)** | (270,053,828) | **(97,660,827)** | (102,892,340) |
| **مجموعی نفع** | | **29,608,397** | 33,155,368 | **11,417,171** | 5,223,895 |
| تقسیم کاری اور مارکیٹنگ کے اخراجات | | **(8,798,132)** | (10,107,157) | **(3,284,990)** | (5,810,081) |
| انتظامی اخراجات | | **(6,916,045)** | (5,664,629) | **(1,922,699)** | (2,128,285) |
| دیگر اخراجات | 13 | **(13,492,211)** | (12,315,539) | **(545,526)** | (3,473,970) |
| دیگر آمدنی | 14 | **12,740,424** | 973,480 | **521,815** | (109,907) |
| **آپریٹنگ نفع** | | **13,142,433** | 6,041,523 | **6,185,771** | (6,298,348) |
| قرضہ لاگتیں | 15 | **(1,954,502)** | (1,043,801) | **(782,068)** | (559,055) |
| | | **11,187,931** | 4,997,722 | **5,403,703** | (6,857,403) |
| معاون کے منافع کا حصہ - ٹیکس کا خالص | 6 | **399,570** | 617,546 | **146,204** | 13,524 |
| **قبل از ٹیکس نفع / (نقصان)** | | **11,587,501** | **5,615,268** | **5,549,907** | (6,843,879) |
| ٹیکس | 16 | **(5,137,131)** | **(2,751,371)** | **(2,639,488)** | 2,199,746 |
| **دورانِ مدت مجموعی نفع** | | **6,450,370** | **2,863,897** | **2,910,419** | (4,644,133) |
| دیگر جامع آمدنی | | | | | |
| **اشیا جن کی درجہ بندی بعد میں بطور نفع یا نقصان نہیں کی جائے گی** | | | | | |
| معاون کی دیگر جامع آمدنی میں حصہ - خالص ٹیکس | | **2,108** | **(38,914)** | | |
| **مدت کے لیے مجموعی جامع آمدنی / (نقصان)** | | **6,452,478** | **2,824,983** | **2,910,419** | (4,644,133) |
| | | (روپے) | | | |
| **آمدنی / (نقصان) فی حصہ - بنیادی اور سیال** | | **30.14** | 13.38 | **13.60** | (21.70) |

منسلک نوٹس 1 تا 23 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| **عمران آر ابراہیم** | **وقار آئی صدیقی** | **ضرار محمود** |
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | چیف فنانشل آفیسر |

# ایکویٹی میں تبدیلیوں کے کنڈینسڈ عبوری گوشوارے (غیر آڈٹ شدہ)

30 ستمبر 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والے نو مہینوں کے لیے

| | | محفوظ سرمایہ | محفوظ محاصل | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | سرمایہ حصص | پریمیم حصص | عمومی ذخائر | مجموعی (نقصان)/ غیر مختص نفع | بعد استعمال منافع پر حقیقی نقصان | سرمایہ کاریوں کی نو قدر پیمائی پر غیر حصولی (نقصان) | کُل |
| | ------------------------------------------(ہزار روپے)------------------------------------------ | | | | | | |
| 31 دسمبر 2021ء پر بیلنس (آڈٹ شدہ) | 2,140,248 | 11,991,012 | 207,002 | 1,587,146 | (598,930) | (5,000) | 15,321,478 |
| مدت کے لیے خالص نقصان | - | - | - | 2,863,897 | - | - | 2,863,897 |
| مدت کے لیے دیگر جامع آمدنی | - | - | - | (38,914) | | | (38,914) |
| | - | - | - | 2,824,983 | - | - | 2,824,983 |
| 30 ستمبر 2022ء پر بیلنس (غیر آڈٹ شدہ) | 2,140,246 | 11,991,012 | 207,002 | 4,412,129 | (598,930) | (5,000) | 18,146,459 |
| 31 دسمبر 2022ء پر بیلنس (آڈٹ شدہ) | 2,140,246 | 11,991,012 | 207,002 | 807,101 | (543,266) | (5,000) | 14,597,095 |
| مدت کے لیے خالص نفع | - | - | - | 6,450,370 | | | 6,450,370 |
| سال کے لیے دیگر جامع آمدنی | - | - | - | 2,108 | | | 2,108 |
| | - | - | - | 6,452,478 | | | 6,452,478 |
| 30 ستمبر 2023ء پر بیلنس (غیر آڈٹ شدہ) | 2,140,246 | 11,991,012 | 207,002 | 7,259,579 | (543,266) | (5,000) | 21,049,573 |

منسلک نوٹس 1 تا 23 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

عمران آر ابراہیم
ڈائریکٹر

وقار آئی صدیقی
چیف ایگزیکٹو

ضرار محمود
چیف فنانشل آفیسر

# رقوم کے بہاؤ کے کنڈینسڈ عبوری گوشوارے (غیر آڈٹ شدہ)

30 ستمبر 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والے نو مہینوں کے لیے

| | نوٹ | اختتام پذیر ہونے والے نو مہینے | 30 ستمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | (ہزار روپے) | |
| **آپریٹنگ سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ** | | | |
| آپریشنز (میں استعمال کی گئی) / سے حاصل ہونے والی رقوم | 15 | 9,343,591 | (4,318,498) |
| اداشدہ مالی لاگتیں | | (18,883) | (291,513) |
| | | (583,158) | (162,209) |
| اداشدہ انکم ٹیکس | | (2,257,256) | (2,066,009) |
| طویل مدتی قرضے اور بیعانے | | (17,972) | (13,877) |
| طویل مدتی امانتیں اور پیشگی ادائیگیاں | | (100,139) | 24,068 |
| **آپریٹنگ سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم** | | 6,366,183 | (6,828,038) |
| **سرمایہ کاری سرگرمیوں سے نقد رقوم کے بہاؤ** | | | |
| معین سرمایہ جاتی اخراجات | | (3,183,998) | (3,155,821) |
| آپریٹنگ معین اثاثوں سے حاصل ہونے والی وصولیاں | | 385,151 | 705,350 |
| معاون سے حاصل ہونے والا مقسومہ | | - | 23,221 |
| قلیل مدتی امانتوں اور سیونگ اکاؤنٹس سے موصول شدہ سود | | 1,198,278 | 98,477 |
| **سرمایہ کاری سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص نقد رقم** | | (1,600,569) | (2,328,773) |
| **مالکاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ** | | | |
| اجارہ واجبات کی ادائیگی کا زر اصل | | (327,006) | (778,728) |
| اداشدہ مقسومے | | (83,094) | - |
| **مالکاری سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم** | | (410,100) | (778,728) |
| **رقم اور رقم کے مساوی اشیا کی خالص (کمی) / اضافہ** | | 4,355,514 | (9,935,539) |
| مدت کے آغاز پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا | | 10,801,097 | 4,973,417 |
| **مدت کے اختتام پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا** | | 15,156,611 | (4,962,122) |
| **رقم اور رقم کے مساوی اشیا ان پر مشتمل ہیں:** | | | |
| رقم اور بینک بیلنس | | 15,156,611 | 737,878 |
| قلیل مدتی قرض گیری - محفوظ | | - | (5,700,000) |
| | | 15,156,611 | (4,962,122) |

منسلک نوٹس 1 تا 23 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں

عمران آر ابراہیم
ڈائریکٹر

وقار آئی صدیقی
چیف ایگزیکٹو

ضرار محمود
چیف فنانشل آفیسر

# کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کے نوٹس (غیر آڈٹ شدہ)

**30 ستمبر 2023ء تک اختتام پذیر ہونے والے نو مہینوں کے لیے**

**1 کمپنی اور اس کے آپریشنز**

1.1 شیل پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) پاکستان میں قائم کی گئی محدود واجبہ کمپنی ہے جو پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رجسٹرڈ ہے۔ کمپنی شیل پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ، برطانیہ (فوری مالک) کی ذیلی ہے، جو شیل پبلک لمیٹڈ کمپنی (حتمی مالک) کی ذیلی ہے۔ کمپنی کا رجسٹرڈ دفتر شیل ہاؤس، 6، چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی، 75530- پاکستان پر واقع ہے۔

1.2 کمپنی پٹرولیم مصنوعات اور کمپریسڈ قدرتی گیس کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ یہ لبریکینٹ آئلز کی مختلف اقسام کی تیاری و مارکیٹنگ بھی کرتی ہے۔

1.3 جون 2023ء کو امیڈیٹ پیرنٹ کمپنی نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو کمپنی میں اپنے تمام تر حصص (شیئرز) فروخت کرنے کے ارادے سے آگاہ کیا گیا۔ کمپنی کے حصص داروں کو ایک اطلاعِ عام کے ذریعے اس امر سے آگاہ کیا گیا۔ تاہم، ان عبوری مالی گوشواروں کی مجاز تاریخ تک فروخت کے عمل میں کوئی نمایاں پیش رفت نہیں کی گئی ہے۔

**2 آپریشنز کی بنیادیں**

**2.1 کمپلائنس کا بیان**

یہ کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے ان اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے مطابق تیار کیے گئے ہیں جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے۔ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے ،درج ذیل ہیں:

- انٹرنیشنل اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز (آئی اے ایس) 34، عبوری مالی رپورٹنگ، انٹرنیشنل اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز بورڈ (آئی اے ایس بی) کی جانب سے جاری کردہ، جسے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے تحت مشتہر کیا گیا تھا؛ اور
- ایکٹ کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے اور شرائط

جہاں کہیں ایکٹ کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے کی شرائط آئی ایف آر ایس کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں تھیں، وہاں ایکٹ کے ہدایت نامے کی شرائط پر عمل کیا گیا ہے۔

30 ستمبر 2023ء تک ختم ہونے والے نو مہینوں کے لیے یہ کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے غیر آڈٹ شدہ ہیں۔

2.2 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں میں وہ تمام معلومات اور انکشافات شامل نہیں ہیں جو سالانہ مالی گوشواروں کے لیے درکار ہیں اور جنھیں 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ گوشواروں کے ساتھ ملا کر پڑھنا ضروری ہے۔

2.3 یہ کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے ایکٹ کے سیکشن 237 اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے مطابق شیئر ہولڈرز کو جمع کروائے جا رہے ہیں۔

**3 اکاؤنٹنگ پالیسیاں**

3.1 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کی تیاری میں استعمال کی گئی اکاؤنٹنگ پالیسیاں اور حسابی طریقہ کار وہی ہیں جن کا اطلاق 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی تیاری میں کیا گیا تھا۔

ابتدائی طور پر کمپنی نے ایسا کوئی جاری کردہ معیار، تشریح یا ترمیم نہیں اپنائی ہے جو ابھی تک مؤثر نہیں ہوئی ہو۔

3.2 کمپنی سال کے اختتام پر سالانہ حقیقی قیمت بندی کے طریقے پر عمل کرتی ہے۔ لہٰذا، بعد ملازمت فوائد کے منصوبوں کی از سرِ نو پیمائش کے اثرات کو ان کنڈینسڈ عبوری مالی بیانات میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔

3.3 آمدنی پر ٹیکس عبوری مدت کے دوران اس ٹیکس شرح پر لیے جاتے ہیں جو مجموعی متوقع نفع یا نقصان پر قابلِ اطلاق ہوتی ہے۔

**4 اہم اکاؤنٹنگ تخمینے، آرا اور فیصلے**

4.1 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کی تیاری منظور شدہ اکاؤنٹنگ معیارات کی تائید سے کی گئی ہے جس کے لیے بعض اہم اکاؤنٹنگ تخمینوں کا استعمال درکار ہوتا ہے۔ منیجمنٹ کے لیے یہ بھی ضروری ہوتا ہے کہ کمپنی کی اکاؤنٹنگ پالیسیوں کے اطلاق کے دوران اپنی رائے بھی شامل کرے۔ تخمینوں، مفروضوں اور فیصلوں کا مسلسل جائزہ لیا جاتا ہے جو تاریخی تجربے اور دیگر عوامل، بشمول مستقبل کے واقعات کی توقعات، جنھیں حالات کے تحت مناسب سمجھا جاتا ہے، پر مبنی ہوتے ہیں۔ تاہم، حقیقی نتائج ان تخمینوں سے مختلف ہو سکتے ہیں۔

4.2 ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کی تیاری کے دوران، کمپنی کی اکاؤنٹنگ پالیسیوں اور تخمینوں کی غیر یقینی کے اہم ماخذات کے اطلاق میں منیجمنٹ کی جانب سے کیے گئے نمایاں فیصلے وہی تھے جنھیں 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ سالانہ مالی گوشواروں پر بھی لاگو کیا گیا تھا، ماسوائے ذیل میں ظاہر کیے گئے مستثنیات کے:۔

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ<br>30 ستمبر 2023ء | آڈٹ شدہ<br>31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| **5 جائیداد، پلانٹ اور آلات** | | | |
| آپریٹنگ اثاثے - خالص کتابی قیمت پر | | **17,971,064** | 16,329,276 |
| ضرر کی فراہمی | | **(131,539)** | (355,725) |
| | 5.1 | **17,839,525** | 15,973,551 |
| جاری کام پر سرمایہ | 5.2 | **4,389,029** | 4,605,750 |
| | | **22,228,554** | 20,579,301 |

**5.1 آپریٹنگ معین اثاثے**

| | نوٹ | | |
|---|---|---|---|
| مدت / سال کے آغاز پر بیلنس | | **15,973,551** | 13,288,480 |
| مدت / سال کے دوران اضافے | 5.1.1 | **3,400,719** | 4,901,601 |
| | | **19,374,270** | 18,190,081 |
| مدت / سال کے دوران ضائع / استرداد - خالص کتابی قیمت | 5.1.2 | **(321,791)** | (212,946) |
| دورانِ مدت / سال فرسودگی کا چارج / مضرت - خالص | | **(1,212,954)** | (2,003,584) |
| | | **(1,534,745)** | (2,216,530) |
| مدت / سال کے اختتام پر بیلنس | | **17,839,525** | 15,973,551 |

**5.1.1** آپریٹنگ اثاثوں میں اضافے، بشمول دورانِ مدت جاری کام پر سرمایے کی منتقلیاں،، درج ذیل تھیں:

| | غیر آڈٹ شدہ<br>نو مہینوں کے اختتام پر<br>30 ستمبر 2023ء | <br><br>30 ستمبر 2022ء |
|---|---|---|
| | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| اجارہ والی زمین | **189,556** | - |
| آزاد زمین پر عمارتیں | **-** | 9,405 |
| اجارہ والی زمین پر عمارتیں | **705,557** | 578,064 |
| ٹینک اور پائپ لائنز | **901,349** | 1,425,922 |
| پلانٹ اور مشینری | **782,296** | 385,937 |
| ایئر کنڈیشننگ پلانٹ | **65,748** | 16,383 |
| لفٹس | **10,148** | 2,113 |
| تقسیم کے پمپ | **142,728** | 199,397 |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | **-** | 44,581 |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | **188,343** | 22,541 |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | **341,543** | 454,341 |
| کمپیوٹر اور دیگر ضروری سامان | **73,451** | 342,980 |
| | **3,400,719** | 3,481,664 |

5.1.2 دورانِ مدت درجِ ذیل اثاثے متروک / تلف کر دیے گئے:

| | لاگت | مجموعی فرسودگی | خالص کتابی قیمت |
|---|---|---|---|
| | -----------(ہزار روپے)----------- | | |
| **30 ستمبر 2023ء (غیر آڈٹ شدہ)** | | | |
| اجارہ والی زمین | **8,833** | **629** | **8,204** |
| اجارہ والی زمین پر عمارتیں | **93,446** | **71,384** | **22,062** |
| لفٹس | **73,672** | **61,438** | **12,234** |
| ٹینک اور پائپ لائنز | **596** | **214** | **382** |
| پلانٹ اور مشینری | **178,059** | **68,346** | **109,713** |
| ایئر کنڈیشننگ پلانٹ | **1,597** | **1,314** | **283** |
| تقسیم کے پمپ | **164,246** | **105,774** | **58,472** |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | **179,642** | **175,236** | **4,406** |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | **645,022** | **542,821** | **102,201** |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | **18,883** | **15,049** | **3,834** |
| کمپیوٹر اور دیگر ضروری سامان | **19,882** | **19,882** | **-** |
| | **1,383,878** | **1,062,087** | **321,791** |
| **30 ستمبر 2022ء (غیر آڈٹ شدہ)** | | | |
| اجارہ والی زمین پر عمارتیں | 9,269 | 1,465 | 7,804 |
| تقسیم کے پمپ | 6,404 | 3,374 | 3,030 |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | 1,573 | 1,130 | 443 |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | 9,221 | 6,309 | 2,912 |
| پلانٹ اور مشینری | 1,397 | 272 | 1,125 |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | 354 | 41 | 313 |
| ٹینک اور پائپ لائنز | 22,949 | 12,865 | 10,084 |
| ایئر کنڈیشننگ پلانٹ | 2,160 | 830 | 1,330 |
| | 53,327 | 26,286 | 27,041 |

## 5.2 جاری کام پر سرمایہ کاری

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ<br>30 ستمبر 2023ء | آڈٹ شدہ<br>31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | --------------(ہزار روپے)-------------- | |
| اجارہ والی زمین پر عمارتیں | | **2,373,077** | 2,487,709 |
| ٹینک اور پائپ لائنز | | **1,138,382** | 1,095,270 |
| پلانٹ اور مشینری | | **406,734** | 473,821 |
| ایئر کنڈیشننگ پلانٹ | | **-** | 44,062 |
| رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں | | **192,621** | 49,057 |
| برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات | | **175,061** | 324,137 |
| فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے | | **103,154** | 131,694 |
| | 5.2.1 | **4,389,029** | 4,605,750 |

5.2.1 دورانِ مدت جاری کام پر سرمائے میں اضافے سے یہ بڑھ کر 3,183,998 ہزار روپے ہو گیا (30 ستمبر 2022ء: 3,155,823 ہزار روپے)۔

## 6 طویل مدتی سرمایہ کاری

ایک غیر درج شدہ معاون پاک عرب پائپ لائن کمپنی لمیٹڈ (پیپکو) میں 26 فیصد کی سرمایہ کاری شامل ہے، جو اکاؤنٹنگ کے زیر ایکویٹی طریقے پر کی گئی، جس کا خلاصہ درج ذیل ہے:

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 30 ستمبر 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| مدت / سال کے آغاز پر بیلنس | | **5,198,192** | 4,970,295 |
| قبل از ٹیکس منافع پر حصہ | | **869,906** | 1,553,225 |
| ٹیکس کا حصہ | | **(470,337)** | (554,320) |
| | | **399,569** | 998,905 |
| دیگر جامع نقصان کا حصہ قبل از ٹیکس | | **3,456** | (91,507) |
| ٹیکس کا حصہ | | **(1,348)** | 25,849 |
| | | **2,108** | (65,658) |
| موصول شدہ مقسومہ | | **-** | (705,350) |
| مدت / سال کے اختتام پر بیلنس | | **5,599,869** | 5,198,192 |

## 7 زیر تجارت اسٹاک

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 30 ستمبر 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| خام مال اور پیکنگ کا سامان | | **6,383,175** | 5,853,973 |
| متروک اور کم مستعمل اسٹاک کی فراہمی | | **(45,990)** | (50,577) |
| | | **6,337,185** | 5,803,396 |
| تیار مصنوعات | 7.1 | **55,633,501** | 37,502,553 |
| متروک اور کم مستعمل اسٹاک کی فراہمی | | **(762,664)** | (384,352) |
| | | **54,870,837** | 37,118,201 |
| | | **61,208,022** | 42,921,597 |

## 8 دیگر واجب الادا

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 30 ستمبر 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | -----------(ہزار روپے)----------- | |
| پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی اور دیگر ڈیوٹیاں | | **1,380,029** | 1,380,029 |
| قیمت کے تفرق کے دعوے | | | |
| -درآمدی خریداریوں پر | | **295,733** | 295,733 |
| -ہائی اسپیڈ ڈیزل (ایچ ایس ڈی) پر | | **343,584** | 343,584 |
| -درآمدی موٹر گیسولین پر | | **1,961,211** | 1,961,211 |
| کسٹم ڈیوٹی پر واجبات | | **44,413** | 44,413 |
| قابلِ واپسی سیلز ٹیکس | | **1,903,262** | 2,020,988 |
| اندرونِ ملک بوجھ کو مساوی کرنے کا نظام | | **201,236** | 414,687 |
| متعلقہ فریقوں کی جانب سے واجبات | | **2,278,997** | 1,749,834 |
| ایک معاون کمپنی-پیپکو کی جانب سے واجب الادا لاگتِ خدمت | | **26,845** | 18,386 |
| ملازمین کے منافعوں میں شراکت کا فنڈ | | **-** | 94,500 |
| آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کی جانب سے واجبات | | **45,483** | 96,350 |
| ٹیکس واجبات | | **1,297,979** | 1,020,214 |
| لیٹر آف کریڈٹ پر سود | | **30,369** | 211,517 |
| دیگر | | **936,254** | 720,729 |
| | | **10,745,395** | 10,372,175 |
| ضرر پر فراہمی | 8.1 | **(4,129,659)** | (2,155,189) |
| | | **6,615,736** | 8,216,986 |

**8.1 ضرر پر فراہمی**

| | | |
|---|---|---|
| مدت / سال کے آغاز پر بیلنس | **2,155,189** | 1,112,254 |
| مدت / سال کے دوران فراہمی | **1,974,470** | 1,300,428 |
| | | (257,493) |
| مدت / سال کے اختتام پر بیلنس | **1,974,470** | 1,042,935 |
| | **4,129,659** | 2,155,189 |

**9 بینک بیلنس**

اس میں 4,000,000 ہزار روپے (31 دسمبر، 2022ء: صفر) کی ٹرم ڈپازٹ رسیدیں شامل ہیں جو 20.5 فیصد (31 دسمبر، 2022ء: صفر) کی شرح سے سالانہ سود کی حامل ہیں، جس کی مدت 05 اکتوبر، 2023ء تک ہے۔

**10 سرمایہ حصص**

**مجاز سرمایہ حصص**

| غیر آڈٹ شدہ 30 ستمبر 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء | | غیر آڈٹ شدہ 30 ستمبر 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|---|
| (حصص کی تعداد) | | | ------------(ہزار روپے)------------ | |
| **300,000,000** | 300,000,000 | عام شیئرز 10/- روپے ہر ایک کے لیے | 3,000,000 | **3,000,000** |

جاری کردہ اختیار کردہ اداشدہ سرمایہ

| غیر آڈٹ شدہ 30 ستمبر 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء | | غیر آڈٹ شدہ 30 ستمبر 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|---|
| (حصص کی تعداد) | | عام شیئرز 10/- روپے ہر ایک کے لیے | ------------(ہزار روپے)------------ | |
| **130,493,331** | 130,493,331 | مکمل طور پر نقد میں ادا کیا گیا | **1,304,933** | 1,304,933 |
| **83,531,331** | 83,531,331 | مکمل اداشدہ بونس شیئرز کے طور پر جاری کردہ | **835,313** | 835,313 |
| **214,024,662** | 214,024,662 | | **2,140,246** | 2,140,246 |

10.1 کنڈینسڈ عبوری مالی پوزیشن کے بیانات کی تاریخ پر امیڈیٹ پیرنٹ کے عام حصص (شیئرز) 165,700,304 تھے (31 دسمبر 2022ء: 165,700,304)۔

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 30 ستمبر 2023ء | آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| **11 تجارتی و دیگر واجبات** | | ----------(ہزار روپے)---------- | |
| قرض خواہ | 11.1 | **77,108,707** | 65,036,991 |
| واجب الحصول واجبات | 11.2 | **6,735,519** | 7,407,648 |
| محفوظ امانتیں | | **522,554** | 470,820 |
| ریٹائرمنٹ پر عملے کے لیے فوائد کی اسکیم | | **22,607** | 70,529 |
| ورکرز ویلفیئر فنڈ | | **785,133** | 554,693 |
| ورکرز کا منافع میں شراکت کا فنڈ | | **564,434** | |
| عملے کو ملازمت سے فارغ کرنے کے منصوبے کی فراہمی | | **75,653** | 155,071 |
| دیگر | | **5,943** | 7,740 |
| | | **85,820,550** | 73,703,492 |

11.1 بشمول متعلقہ فریقوں پر واجب الادا مجموعی رقم 59,431,224 ہزار روپے (31 دسمبر 2022ء: 56,010,107 ہزار روپے)

11.2 بشمول متعلقہ فریقوں سے واجب الحصول مجموعی رقم 2,431,763 ہزار روپے (31 دسمبر 2022ء: 1,009,768 ہزار روپے)

**12 اتفاقی مصارف اور معاہدات**

**12.1 اتفاقی مصارف**

اتفاقی مصارف کے حوالے سے 31 دسمبر 2022ء اختتام پذیر ہونے والے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے نوٹ 23.1 میں بتائی گئی صورتِ حال میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔

**12.2 معاہدات**

12.2.1 سرمایہ جاتی اخراجات جن کے معاہدے ہوئے لیکن انھیں وصول نہیں کیا گیا ان کی رقم 30 ستمبر 2023ء تک تقریباً 1,902,507 روپے تھی (31 دسمبر 2022ء: 2,214,706 ہزار روپے)۔

12.2.2 فنانس ایکٹ، 2005ء کے تحت، درآمدات پر عائد محصولات اور ان پر عائد ذمہ داری کو مناسب طریقے سے نبھانے کے ضمن میں کسٹم پورٹ قاسم اور کراچی پورٹ ٹرسٹ کے کلیکٹر کی جانب سے کسٹم ایکٹ 1969ء کے مطابق تاریخ مابعد چیک جمع کروائے گئے۔ 30 ستمبر 2023ء تک ان چیک کی مالیت 33,354,600 ہزار روپے تھی (31 دسمبر 2022ء: 24,529,122 ہزار روپے)۔ ان چیک کی عرصیت کی تاریخ بڑھا کر 13 مارچ 2024ء کر دی گئی ہے۔

12.2.3 30 ستمبر 2023ء تک لیٹر آف کریڈٹ اور دیگر بینک گارنٹیوں کی رقم 14,773,091 ہزار روپے ہے (31 دسمبر 2022ء: 10,950,213 ہزار روپے)

### 13 دیگر اخراجات

اس میں 10,569,053 ہزار روپے کا مبادلہ نقصان شامل ہے (30 ستمبر 2022ء: 10,389,486 ہزار روپے)

### 14 دیگر آمدن

تکنیکی خدمات کی فیس اور دیگر لاگتوں پر چھوٹ کے لیے شیل انٹرنیشنل پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ کی جانب سے جاری کردہ کریڈٹ نوٹس کے ضمن میں 10,699,550 ہزار روپے شامل ہیں۔

### 15 مالی لاگتیں

اس میں 1,309,335 ہزار روپے کے بینک چارجز شامل ہیں (30 ستمبر 2022ء: 241,772 ہزار روپے)

### 16 ٹیکس

| | غیر آڈٹ شدہ | | | |
|---|---|---|---|---|
| | نو مہینوں کے اختتام پر | | سہ ماہی کے اختتام پر | |
| | 30 ستمبر 2023ء | 30 ستمبر 2022ء | 30 ستمبر 2023ء | 30 ستمبر 2022ء |
| | (ہزار روپے) | | | |
| موجودہ | | | | |
| -مدت کے لیے | **4,953,257** | 1,880,268 | **2,378,809** | (873,841) |
| -گزشتہ سال کے لیے | **247,393** | 697,010 | **247,393** | - |
| | **5,200,650** | 2,577,278 | **2,626,202** | (873,841) |
| مؤخر | **(63,519)** | 174,093 | **13,286** | (1,325,905) |
| | **5,137,131** | 2,751,371 | **2,639,488** | (2,199,746) |

### 17 آپریشنز سے حاصل کی گئی / (استعمال میں) رقم

| | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ 30 ستمبر 2023ء | غیر آڈٹ شدہ 30 ستمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | (ہزار روپے) | |
| نفع قبل از ٹیکس | | **11,587,501** | 5,615,268 |
| نان ٹیکس چارجز اور دیگر اشیا کا تصفیہ: | | | |
| مدت کے لیے آپریٹنگ اثاثوں پر فرسودگی کے چارج | | **1,437,140** | 1,320,005 |
| مدت کے لیے حق استعمال کے اثاثوں پر فرسودگی کے چارج | | **692,093** | 533,550 |
| مدت کے لیے رہن چارج | | **2,101** | 2,364 |
| اثاثوں کی ریٹائرمنٹ کی ذمہ داری کے لحاظ سے خرچ میں اضافہ | | **45,974** | 5,633 |
| متروک اور کم فروخت ہونے والے اسٹاک کے لیے فراہمی - خالص | | **373,725** | 36,436 |
| زیر تجارت اسٹاک کے ضرر کے لیے (استرداد) / فراہمی - خالص | | **5,145** | (21,171) |
| متروک تجارتی قرضے | | **17,288** | 107,668 |
| مٹی اور زمینی پانی کی صفائی کے لیے فراہمی | | **393,756** | 3,081,577 |
| دیگر واجبات کے ضرر کے لیے فراہمی | 8.1 | **1,974,470** | 1,300,428 |
| آپریٹنگ اثاثوں کے ضرر کے لیے فراہم اشیا کا استرداد | | **(224,186)** | 315,368 |
| ریٹائرمنٹ کے بعد طبی فوائد | | **-** | 10,548 |
| آپریٹنگ اثاثوں کو تلف کرنے پر فوائد / نقصان | | **(63,360)** | 3,820 |
| معاون کے نفع پر حصہ - خالص ٹیکس | 6 | **(399,569)** | (617,546) |
| قلیل مدتی ڈپازٹس اور سیونگ اکاؤنٹس پر سود | | **(1,198,278)** | (98,477) |
| واجبات جنھیں متروک کرنے کی ضرورت نہ ہو | | **(11,089,530)** | - |
| قلیل مدتی قرضوں پر مارک اپ اور جاری قرضے | | **16,036** | 349,540 |
| اجارے کے واجبات پر سود | | **583,158** | 446,856 |
| جاری سرمائے میں تبدیلیاں | 17.1 | **5,190,127** | (16,710,365) |
| | | **9,343,591** | (4,318,498) |

| | | غیر آڈٹ شدہ 30 ستمبر 2023ء | غیر آڈٹ شدہ 30 ستمبر 2022ء |
|---|---|---|---|
| | | ----------(ہزار روپے)---------- | |
| 17.1 | **جاری سرمائے میں تبدیلیاں** | | |
| | **موجودہ اثاثوں میں (اضافہ) / کمی** | | |
| | زیرِ تجارت اسٹاک | **(18,660,150)** | (19,504,141) |
| | تجارتی قرضے | **(543,110)** | (997,066) |
| | قرضے اور بیعانے | **(14,371)** | 87,844 |
| | قلیل مدتی امانتیں اور پیشگی ادائیگیاں | **450,611** | (562,036) |
| | دیگر واجبات | **(373,220)** | (525,480) |
| | | **(19,140,240)** | (21,500,879) |
| | **موجودہ واجبات میں اضافہ** | | |
| | تجارتی اور دیگر واجبات | **24,330,367** | 4,790,514 |
| | | **5,190,127** | (16,710,365) |

## 18 متعلقہ فریقوں کے لین دین

کمپنی کے متعلقہ فریقوں میں الثیمیٹ اور امیڈیٹ پیرنٹس اور اس کے ذیلی، معاونین، اور دیگر کمپنیاں مع نمایاں اثر کے ساتھ مشترکہ مقتدر، ملازمین کے ریٹائرمنٹ فوائد، ڈائریکٹرز اور کلیدی انتظامی افراد شامل ہیں۔ کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں میں کہیں اور ظاہر کیے گئے لین دین کے علاوہ متعلقہ افراد کے ساتھ لین دین درج ذیل ہیں:

| تعلق کی نوعیت | لین دین کی نوعیت | نوٹ | غیر آڈٹ شدہ نو مہینوں کے لیے 30 ستمبر 2023ء | 30 ستمبر 2022ء |
|---|---|---|---|---|
| | | | ----------(ہزار روپے)---------- | |
| **معاون** | | | | |
| پاک عرب پائپ لائن کمپنی لمیٹڈ | پائپ لائن کے چارجز | | **475,686** | 702,016 |
| | دیگر | | **12,142** | 10,281 |
| | موصول مقسومہ | | **-** | 705,350 |
| **عملے کی ریٹائرمنٹ کے فوائد / اشتراک کے فنڈز** | | | | |
| پنشن فنڈز | اشتراک | | **109,831** | 96,239 |
| گریچویٹی فنڈز | اشتراک | | **3,688** | 3,196 |
| پراویڈنٹ فنڈ | اشتراک | | **33,979** | 16,572 |
| **کلیدی انتظامی افراد** | تنخواہیں اور ملازمت کے دیگر قلیل مدتی فوائد | 15.1 | **103,264** | 88,011 |
| | بعد از ریٹائرمنٹ فوائد | | **9,723** | 8,053 |
| | طبی فوائد | | **2,221** | 948 |
| **ڈائریکٹرز** | ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کو قرض | | **-** | - |
| | میٹنگز میں شرکت کی فیس | | **9,030** | 5,750 |
| دیگر | خریداریاں | | **115,903,211** | 170,931,967 |
| | سیلز | | **373,089** | 323,421 |
| | پیرنٹ اور اس کے معاونین کے صارفین کو پاکستان میں فروخت کا مجموعہ | | **273,698** | 2,324,956 |
| | تکنیکی خدمات کی عائد کردہ فیس | 18.2 | **3,818,631** | 2,541,239 |
| | ٹریڈمارک اور اظہاری لائسنس کی عائد کردہ فیس | | **368,298** | 394,261 |
| | متعلقہ فریقوں سے بازیاب کروائے گئے اخراجات | | **10,823,946** | 148,065 |
| | متعلقہ فریقوں پر عائد کردہ دیگر اخراجات | 15.3 | **2,103,001** | 1,379,741 |
| | عطیات | | **23,169** | 11,750 |
| | لیگل چارجز | | **1,256** | 1,044 |
| | کمیشن کی آمدنی - خالص | | **715** | 33,128 |
| | سبسکرپشن | | **360** | 360 |

18.1 کلیدی انتظامی افراد وہ ہیں جو بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر کمپنی کی منصوبہ بندی، اس کی سرگرمیوں کی رہنمائی اور ان پر کنٹرول کا اختیار اور ذمہ داری کے حامل ہوتے ہیں۔ کمپنی اپنے چیف ایگزیکٹو، کمپنی سکریٹری، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اور چیف فنانشل آفیسر کو انتظامیہ کے کلیدی اہلکار سمجھتی ہے۔

18.2 کمپنی کی اپنے کاموں میں مشورہ اور مدد تکنیکی خدمات میں شامل ہے۔ ان خدمات کے لیے فیس کا تعین کمپنی اور متعلقہ شیل گروپ کمپنی کے مابین معاہدے کی بنیاد پر ایک متفقہ طریقہ کار کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔

18.3 کمپنیوں کے ساتھ معاہدوں کے تحت شیل مشترکہ بزنس سروس سینٹر کمپنیوں سے حاصل کردہ خدمات کے خالص استرداد کی 409,287 ہزار روپے (30 ستمبر 2022ء: 293,927 ہزار روپے) ان میں شامل ہیں۔

18.4 رپورٹنگ کی تاریخ پر، معاون کمپنیوں کی جانب سے 23,667 ہزار روپے (31 دسمبر 2022ء: 21,720 ہزار روپے) تجارتی قرضوں کی رقم واجب الادا تھی۔

## 19 مالی انتظامِ خطر، مقاصد اور پالیسیاں

کمپنی کو اپنی سرگرمیوں کے ساتھ مختلف خطرات کا سامنا رہتا ہے۔ ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے انتظامِ خطر کی ان تمام معلومات اور انکشافات کا اظہار نہیں کیا گیا ہے جو سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے لیے درکار ہوتے ہیں اور جنھیں 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ گوشواروں کے ساتھ ملا کر پڑھنا ضروری ہے۔ سال کے اختتام سے اب تک کسی بھی انتظامِ خطر کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

## 20 آپریٹنگ زمرے

یہ کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے واحد قابل اطلاع زمرے کی بنیاد پر تیار کیے گئے ہیں۔

جیسا کہ ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کے نوٹ 1.2 میں بتایا گیا ہے، کمپنی پٹرولیم مصنوعات اور کمپریسڈ قدرتی گیس کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ یہ لبریکینٹ آئلز کی مختلف اقسام کی تیاری و مارکیٹنگ بھی کرتی ہے۔ بیرونی صارفین کو کمپنی کی تمام فروخت پٹرولیم مصنوعات بشمول لبریکینٹ آئلز سے متعلق ہے۔

30 ستمبر 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والی نو مہینوں کی مدت کے دوران پاکستان میں صارفین کو کمپنی کی تمام سیلز 100 فیصد تھی (30 ستمبر 2022ء: 100 فیصد)

30 ستمبر 2023ء اور 2022ء تک کمپنی کے تمام غیر حالیہ (نان کرنٹ) اثاثے پاکستان میں واقع ہیں۔

30 ستمبر 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والی نو مہینوں کی مدت کے دوران بیس اہم صارفین کو سیلز تقریباً 17 فیصد تھی (30 ستمبر 2022ء: 16 فیصد)۔

## 21 عمومی

21.1 اعداد و شمار کو قریبی ہزار کے ساتھ راؤنڈ آف کیا گیا ہے، جب کہ دوسری صورت میں بیان نہ کیا گیا ہو۔

21.2 جہاں بھی ضروری سمجھا گیا، موازنے کے مقاصد سے اور لین دین کے معاملے کی عکاسی کے لیے متعلقہ اعداد و شمار کو دوبارہ ترتیب دیا گیا ہے۔

## 20 تاریخِ منظوری

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے **18 اکتوبر 2023ء** کو ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشواروں کے اجرا کی منظوری دی گئی۔

**عمران آر ابراہیم**
ڈائریکٹر

**وقار آئی صدیقی**
چیف ایگزیکٹو

**ضرار محمود**
چیف فنانشل آفیسر

# سی ڈی سی کے ذریعے ایگزیکٹوز کی جانب سے حصص میں تجارت

**30 ستمبر 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والے نو مہینوں کے لیے**

| نام | عہدہ | لین دین کی تاریخ | حصص کی تعداد | لین دین کی نوعیت | شرح |
|---|---|---|---|---|---|
| جناب حمزہ خولیہ | ایگزیکٹو | 19 جنوری 2023ء | 1000 | فروخت کیے گئے | 103.04 |
| جناب ضرار جمالی | ایگزیکٹو | 17 اگست 2022ء | 32 | خریدے گئے | 127.00 |
| جناب حمزہ خولیہ | ایگزیکٹو | 14 جون 2023ء | 9500 | خریدے گئے | 84.35 |
| جناب حمزہ خولیہ | ایگزیکٹو | 14 جون 2023ء | 9500 | فروخت کیے گئے | 87.00 |
| جناب آصف ظہور | ایگزیکٹو | 25 جولائی 2023ء | 1000 | خریدے گئے | 137.92 |
| جناب آصف ظہور | ایگزیکٹو | 26 جولائی 2023ء | 1000 | فروخت کیے گئے | 143.30 |
| جناب محمد عامر | ایگزیکٹو | 27 جولائی 2023ء | 2000 | خریدے گئے | 147.25 |
| جناب محمد عامر | ایگزیکٹو | 4 اگست 2023ء | 2000 | فروخت کیے گئے | 148.00 |
| جناب ایم احمد سلیم | ایگزیکٹو | 26 اگست 2023ء | 810 | خریدے گئے | 136.50 |
| جناب ایم احمد سلیم | ایگزیکٹو | 30 اگست 2023ء | 200 | خریدے گئے | 133.00 |
| جناب ایم احمد سلیم | ایگزیکٹو | 31 اگست 2023ء | 200 | خریدے گئے | 131.00 |
| جناب ایم احمد سلیم | ایگزیکٹو | 31 اگست 2023ء | 300 | خریدے گئے | 129.00 |
| جناب ایم احمد سلیم | ایگزیکٹو | 31 اگست 2023ء | 10 | خریدے گئے | 125.75 |
| جناب ایم احمد سلیم | ایگزیکٹو | 31 اگست 2023ء | 5 | خریدے گئے | 126.00 |
| جناب ایم احمد سلیم | ایگزیکٹو | 31 اگست 2023ء | 50 | خریدے گئے | 128.00 |

# فرہنگ

| | |
|---|---|
| actuarial | حقیقی |
| adjustment | ردوبدل |
| advances | بیعانے |
| amendment | ترمیم |
| Amortization | قسط وار واپسی |
| annual | سالانہ |
| application | اطلاق |
| assets | اثاثے |
| associate | معاون |
| average | اوسط |
| benefit | فائدہ |
| borrowing | قرض گیری |
| capital | سرمایہ |
| carrying value | مندرجہ مالیت |
| cash | رقم |
| categorized | درجہ بند |
| claims | دعوے |
| consolidation | یکجائی |
| cost | لاگت |
| deposit | امانت |
| depreciation | فرسودگی |
| discount | چھوٹ، رعایت |
| dividend | مقسومہ |
| equivalent | مساوی |
| estimates | تخمینے |
| exemption | استثنا |
| financial | مالی |
| financing | مالکاری، قرضہ |
| fiscal | مالیاتی |
| impairment | ضرر |
| interest | سود |
| interim | عبوری |
| interpretation | توضیح |
| lease | اجارہ |
| leaseholder | اجارہ دار |
| lending | قرض گاری |
| liabilities | واجبات |
| liability | واجبہ |
| liquid | سیال |
| liquidity | سیالیت |
| long term | طویل مدتی |
| loss | خسارہ، نقصان |
| low value | پست قدر |
| net | خالص |
| prepayments | پیشگی ادائیگیاں |
| principle | بنیادی |
| profit | منافع |
| provision | شرائط |
| quarter | سہ ماہی |
| rate | شرح |
| receivable | واجب الادا |
| recompense | تلافی |
| recovery | بازیابی |
| refundable | قابلِ واپسی |
| measurement | بازپیمائش |
| revaluation | باز قدرپیمائی |
| reversal | استرداد |
| revenues | محاصل |
| right of use | حقِ استعمال |
| settlement | تصفیہ |
| share | حصص |
| short term | قلیل مدتی |
| statements | گوشوارے |
| subsidiary | ذیلی |
| subsidy | زرِاعانت، رعایت |
| valuation | قدرپیمائی، قیمت بندی |
| value | قدر |
| weighted | بہ وزن |

**شیل پاکستان لمیٹڈ**

شیل ہاؤس، 6 چوہدری خلیق الزماں روڈ

کراچی–75530، پاکستان

www.shell.com.pk